ilmkidunya
علم کی دنیا

# Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Test

Q1. آزاد اور تابع متغیر کی وضاحت کریں.

**Ans 1:** آزاد متغیرات: آزاد ا غیر تابع متغیرات وہ عناصر ہیں جن کے اثرات کے مطالعہ کیا جاتا ہے. تابع متغیرات: تابع متغیرات وہ متغیرات ہیں کو آزاد متغیرات میں تبدیلی کے تخت نتیجاً بدل سکتے ہوں یا نہ بدل سکتے ہوں.

---

Q2. کنٹرول گروپ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** تمام متعلقہ متغئیر جو تجربہ میں نتائج پر اثر انداز ہو سکتے ہیں خواہ وہ عمر ہو یا تجربہ یا درجہ حرارت یا کچھ اور ان سب کو یکسانیت کے لحاظ سے کنٹرول کرنا تجربہ کنندہ کی اولین ذمہ داری ہے. اس گروپ کو کنٹرل گروپ کہا جاتا ہے.

---

Q3. مطالعہ احوال کا طریقہ تحقیق لکھیے.

**Ans 1:** زیادہ تر تحقیق تجربہ گاہ کی منضبط شرائط کے تحت کی جاتی ہے.مقصدی تحقیق کے لئیے تجربہ گاہ میں بے شمار شرائط استعمال کیا جا سکتا ہے.تجرباتی طریقہ ،مطالعہ احوال کا طریقہ اور سروے جیسے طریقے میں منضبط مشاہدے کا استعمال کیا جاتا ہے.

---

Q4. سروے کی تعریف کریں.

**Ans 1:** سروے ایک تحریری سوالنامہ یا زبای انترویو ہوتا ہے،.جو محقق کسی منتخب گروہ سے معلومات حاصل کرنے کے لیے کرتا ہے.جس قسم کی کائنات بڑے گروہ سے وہ نمونہ بنتا ہے،اس سیمبل کے چناؤ میں اس خاص احتیاط کرنی پڑتی ہے کہ سیمبل معنوں میں اپنے گروہ کی نمائندگی کرے.

---

Q5. تحقیق کی دو اقسام بیان کریں.

**Ans 1:** 1.اطلاقی تحقیق 2.خالص تحقیق

---

Q6. تجرباتی طریقہ کے کوئی سے تین مراحل تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.تجرباتی طریقہ کار سے مشاہدہ کئے گئے حقائق کے بارے میں مفروضہ کی جانچ پر رکھ اور پیش گوئی کی جاتی ہے. 2.ماہر نفسیات ایک تجرباتی ڈیزائن بناتا ہے جوتجربہ میں مسائل کی تعریف کرتا ہے. 3.ماہر نفسیات ان تجرباتی آلات و سامان کا ذکر کرتا ہے جو تجربہ میں استعمال ہوں گے.

---

Q7. عصبانئوں کی اقسام بیان کریں.

**Ans 1:** 1.حسی عصبانیہ:یہ عصبانیے مہیج کو وصول کرتے اور اسے حرام مغز یا دماغ تک پہنچاتے ہیں. 2.حرکی عصبانیہ: یہ عصبانیے پیغامات کو حرام مغز سے دماغ سے عضلات یا غدور تک لے جاتے ہیں. 3.تلازمی یا ارتبائی عصبانیہ: ارتبائی عصبانیہ کا کاکم حسی عصبانیہ اور حرکی عصبانیہ کے درمیان رابطہ قائم کرنا ہے.

---

Q8. منضبط مشاہدہ بیان کریں.

**Ans 1:** زیادہ تر تحقیق تجربہ گای کی منضبط کی شرائط کے تحت کی جاتی ہے.تحقیق دو متغیرات کے درمیان علت و معلول کا تعلق دیکھنے کے لیے ہی کی جاتی ہے ہم

کسی ایک متغیرہ کو بطور سبب یا علت کے لے کر اس کا اثر اور نتیجہ دیکھ سکتے ہیں.

---

Q9. نفسیات کی جدید ترین تعریف کریں.

**Ans 1:** نفسیات وہ علم ہے کو افراد اور دوسری نوع کے ارکان کے کرداری اور باطنی اعمال کا مطالعہ ان کے طرز عمل کی روشنی میں کرتی ہے.

---

Q10. تجرباتی طریقے کے کیا فائدے ہیں؟

**Ans 1:** تجرباتی طریقہ تحقیق کا سب سے زیادہ قابل اعتبار ،ترقی یافتہ اور سائنسی طریقہ ہے ، اس میں حقائق کے بارے میں مفروضہ کی جانچ پر کھ اور پیش گوئی کی جاتی ہے.

---